

ذمہ دار والدین ہونے کی حیثیت سے آپ ایک ایسا پلان چاہتے ہیں جو آپ کو یکمشت رقم جمع کرنے میں مدد دے اور جس سے آپ اور آپ کی فیملی آنے والے مستقبل کی مالی مشکلات سے محفوظ رہیں ،اور آپ کو اس بات کی تسلی دے کہ جب آپ کو رقم کی ضرورت ہو وہ آپ کو مل سکے۔ یہ پلان آپ کے بچوں کی اعلیٰ تعلیم کے خواب کو مکمل کرنے میں مدد دیتا ہے اور بغیر کسی مالی مشکلات کے ان کو شادی پر خرچ کرنے کی مالی معاونت فراہم کرتا ہے۔

ای ایف یو لائف ایشورنس آپ کے لئے لایا ہے علم اینڈ انمول رشتے پلان، ایک ایسا پلان جس کے ساتھ ملے گارینٹیڈ پروٹیکشن اور ضرورت کے مطابق بینیفٹس کو منتخب کرنے کی سہولت۔ یہ پلان آپ کو آپکے بچے کی شادی کے اخراجات یا اُس کی اعلیٰ تعلیم کے اخراجات پورے کرنے کی آسانی فراہم کرتا ہے۔اس پلان میں کنٹی نیوشن بینیفٹ موجود ہے جو اس بات کا تحفظ دیتا ہے کہ پالیسی کی مدت کے دوران خدانخواستہ پالیسی ہولڈر کی وفات کی صورت میں پلان کے پریمیم ادا ہوتے رہیں گے۔

## علم اینڈ انمول رشتے پلان کے ساتھ:

- آسان اور مرضی کے مطابق پلان منتخب کرنے کی سہولت
- ادائیگی کا طریقہ کار آپ کی مرضی کے مطابق
- بچے کا مستقبل مالی طور پر محفوظ بنانے کے لئے کنٹی نیوشن بینیفٹ
- میچورٹی بونس اور فنڈ ایکسلریشن پریمیم کے ذریعے اضافی رقم
- اضافی تحفظ کے لئے رائیڈرز کی موجودگی

## پلان کی پُرکشش خصوصیات:

### آپ کی بچت کو گروتھ کے مواقع:

ہر ادا کیا گیا پریمیم ای ایف یو لائف کے ذیلی فنڈ میں انویسٹ کیا جاتا ہے۔

یہ مکمل طور پر آپ کا فیصلہ ہے کہ اپنے مقصد کے مطابق کہاں انویسٹ کیا جائے۔ ان فنڈز کو سرمایہ کاری کے ماہرین چلاتے ہیں جو کہ حالات کو مدِنظر رکھتے ہوا اچھے ریٹرنز کے لئے رقم کو انویسٹ کرتے ہیں۔

آپ درج ذیل یونٹ سے منسلک فنڈز میں سے کسی کا انتخاب کر سکتے ہیں:

- **ای ایف یو مینیجڈ گروتھ فنڈ:** ایک متوازن سرمایہ کاری کی حکمت عملی پر مشتمل سرمایہ کاری فنڈ۔ اس کا مقصد، سرکاری سیکیورٹیز، محتاط طور پر منتخب کی گئی بلوچِپ ایکویٹیز اور دیگر مقرّرہ آمدنی کے ذرائع اور نقد سرمایہ کاری کے ذریعے، سرمایہ کاری کی مناسب نشوونما اور مستحکم منافع جات حاصل کرنا ہے۔

- **ای ایف یو گارانٹیڈ گروتھ فنڈ:** مستحکم منافع جات فراہم کرنے والا سرمایہ کاری فنڈ اس ضمانت کے ساتھ کہ فنڈ کی بِڈ پرائس نیچے نہیں آئے گی۔ اس کا مقصد قلیل المدّت قرضہ سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کے ذریعے مستحکم نشوونما حاصل کرنا ہے۔

## ایلوکیشن فیصد:

بنیادی پلان کے پریمیم کا حصہ جو سرمایہ کاری کیلئے مختص کیا جاتا ہے اسکا تناسب پالیسی سال کے مطابق درج ذیل ہے:

| پالیسی کا سال | ایلوکیشن فیصد |
|---|---|
| 1 | 40 فیصد |
| 2 | 80 فیصد |
| 3 سے 4 | 100 فیصد |
| 5 سے 10 | 103 فیصد |
| 11 سے 20 | 105 فیصد |
| 21 سے آگے | 110 فیصد |

## فنڈ ایکسلریشن پریمئم:

اگر آپ کے پاس، پلان کی مدّت کے دوران کسی بھی وقت اضافی نقد رقم موجود ہو تو اپنی کیش ویلیو کو بڑھانے کیلئے آپ اس کو پلان میں سرمایہ کاری کیلئے استعمال کر سکتے ہیں۔ ان اضافی ادائیگیوں کو فنڈ ایکسلریشن پریمئم کہتے ہیں۔ آپ یہ ادائیگیاں پالیسی کے نافذ العمل ہوتے ہوئے کسی وقت بھی ادا کر سکتے ہیں۔ کم از کم فنڈ ایکسلریشن پریمئم 24,000 روپے فی ادائیگی ہے۔

فنڈ ایکسلریشن پریمئم ادائیگیوں کا 100 فیصد منتخب فنڈ میں یونٹس کی خریداری کیلئے مختص کیا جاتا ہے۔

## بچتوں تک رسائی:

منصوبے کی مدّت کے دوران، یہ پلان مجموعی فنڈ قدر تک مکمل رسائی فراہم کرتا ہے۔ منصوبے میں جمع شدہ تمام یونٹس دوسرے سال کے باقاعدہ پریمئم کی ادائیگی کے بعد، نکلوائے جا سکتے ہیں۔ جزوی دستبرداری کی سہولت بھی موجود ہے بشرطیکہ فنڈ میں بقایا 20,000 روپے کی رقم بھی موجود رہے۔ اگر صارف منصوبے سے مکمل دستبرداری حاصل کرتا ہے تو تمام یونٹس کو نقد رقم میں تبدیل کر دیا جائے گا اور پلان کو منسوخ کر دیا جائے گا۔

اس بات کا دھیان رہے کہ شروع کے سالوں میں رقم کو نکالنا کیش ویلیوز پر اثر انداز ہوگا۔

## پلان کے تحت فوائد:

### ڈیتھ بینیفٹ

پالیسی ہولڈر کی وفات کی صورت میں، یہ پلان کنٹی نیوشن بینیفٹ فراہم کرتا ہے جس کے تحت آپ کی غیر موجودگی میں فیملی کے مستقبل کو مالیاتی پریشانی سے بچایا جا سکتا ہے۔

پلان کی میچورٹی سے پہلے لائف اشورڈ کی وفات کی صورت میں یہ پلان اس امر کی گارنٹی دیتا ہے کہ کنٹی نیوشن بینیفٹ کے تحت بچے کا مستقبل محفوظ ہے۔ یہ پلان میں بلٹ ان ہے جو اس امر کی گارنٹی دیتا ہے کہ مستقبل کے بقایا تمام پریمیم لائف اشورڈ کی وفات کے بعد ای ایف یو لائف ادا کرے گا۔ اس کا یہ مطلب ہے کہ حقیقتاً بچے کی شادی یا اعلیٰ تعلیم کے لئے جو فنڈ آپ نے سوچا تھا وہ ہر صورت میں موجود ہوگا۔

## میچورٹی بینیفٹ:

پالیسی کی مدت کے اختتام پر، ادا کیا جانے والا میچورٹی بینیفٹ ریگولر پریمیم اور فنڈ ایکسلریشن پریمیم (اگر ادا کی ہو تو) کی کیش ویلیو ہوگی۔

## میچورٹی بونس:

تسلسل کے ساتھ چلتی ہوئی پالیسیز کیلئے، پلان کی مدت کے اختتام پر فنڈ کو مزید بڑھانے کے لئے ایک غیر معمولی میچورٹی بونس فراہم کرتا ہے۔ یہ بونس بنیادی پریمیم جو مدت کے آخر تک ادا کئے گئے ہوں کی شرح فیصد کے مطابق دیئے جاتے ہیں۔

اضافی یونٹس میچورٹی کے سال کے آخر میں نیچے دیئے گئے ٹیبل کے مطابق دیئے جاتے ہیں۔

| میچورٹی کا سال | ایلوکیشن کی شرح |
|---|---|
| 11 سے 15 | 10 فیصد |
| 16 سے 20 | 20 فیصد |
| 21 سے 25 | 50 فیصد |

## افراطِ زر سے تحفّظ :

اس انتخاب کے تحت، بغیر کسی میڈیکل ثبوت کے، ہر سال پریمیئم پچھلے سال کے اصل بنیادی پلان کے پریمیئم کا 5 فیصد، اطلاق کردہ فوائد میں مناسب اضافے کے ساتھ 55 سال کی عمر تک بڑھ جائے گا۔

## پلان میں دستیاب اضافی فوائد:

### ایکسیڈینٹل ڈیتھ اینڈ ڈسبیلٹی پلس بینیفٹ:

بیمہ دار کی حادثاتی وفات یا معذوری کی صورت میں، یہ رائڈر ایک اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے۔

### ہاسپٹل کیئر بینیفٹ:

لائف اشورڈ کی بیماری یا حادثہ کی صورت میں، یہ بینیفٹ ہاسپٹل کے اخراجات کو پورا کرنے کے لئے ایک مقررہ کیش رقم فراہم کرتا ہے۔

### لائف کیئر پلس بینیفٹ:

پہلے سے بیان شدہ بیماریوں میں سے کسی کی تشخیص پر یا اس کے ہوجانے پر، یہ رائڈر بنیادی منصوبے کے سم اشورڈ کے برابر فائدہ مہیّا کرتا ہے،شرط یہ ہے کہ یہ فائدہ زیادہ سے زیادہ 1.5 ملین ہوگا۔

## عموماً پوچھے جانے والے سوالات:

**اس پلان کیلئے کون درخواست دے سکتا ہے اور پلان کی حدود کیا ہیں؟**

تمام افراد جن کی عمر 18 سے 65 سال کے درمیان ہو (اگلی سالگرہ پر)، اس پالیسی کے اہل ہیں۔ کوریج کی مدت 10 سے 25 سال ہے اس بات کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے میچورٹی کے وقت زیادہ سے زیادہ عمر کی حد 75 سال ہے۔

**اس پلان میں کم ازکم اور زیادہ سے زیادہ کتنا پریمیم ہے؟**

پلان کا کم از کم بنیادی پریمیم 24,000 روپے سالانہ ہے۔کم ازکم پریمیم کی ادائیگی کا طریقہ کار درج ذیل ہے۔

| طریقہ کار | کم ازکم پریمیم |
|---|---|
| سالانہ | 24,000 |
| ششماہی | 12,000 |
| سہ ماہی | 6,000 |
| ماہانہ | 2,000 |

پریمیم کی زیادہ سے زیادہ کی کوئی حد نہیں۔

## اخراجات کیا ہیں؟

پلان پر درج ذیل اخراجات کا اطلاق ہوتا ہے:

ایڈمنسٹریشن اخراجات 60 روپے ماہانہ

بڈ آفر سپریڈ کُل باقاعدہ پریمیئم کا 5 فیصد

انویسٹمنٹ منیجمنٹ اخراجات: فنڈ قدر کا 0.125 فیصد ماہانہ

## قابلِ تنبیہ امور :

- یہ پروڈکٹ ای ایف یو لائف کی پیش کردہ ہے، یہ الائیڈ بینک یا اس سے ملحق کسی ادارے سے ضمانت کردہ یا بیمہ شدہ نہیں ہے اور نہ ہی یہ الائیڈ بینک کی پروڈکٹ ہے۔الائیڈ بینک اپنے قابل قدر صارفین کیلئے اس پروڈکٹ کا صرف تقسیم کار اور تشہیر کار ہے۔
- آپ کے پریمیئم کی قدر میں نشوونما کا انحصار منتخب شدہ فنڈ کی، جس میں پریمیئمز کی سرمایہ کاری کی گئی ہے، کی کارکردگی پر ہے۔
- منتخب شدہ فنڈ میں کی گئی تمام سرمایہ کاریاں مارکیٹ کی صورت حال پر منحصر کرتی ہیں۔منتخب شدہ فنڈ میں سرمایہ کاری کی کارکردگی میں رسک بیمہ دار کی ذمّہ داری ہوگی۔
- فنڈ کی سابقہ کارکردگی ضروری نہیں کہ مستقبل کے رسک کی نشاندہی کرے، اسی طور پر کوئی بھی پیشین گوئی فنڈ کے ممکنہ یا مستقبل کی کارکردگی کے طور پر لینا ضروری نہیں، اور نہ ہی ای ایف یو لائف اور نہ ہے الائیڈ بینک اسکے لئے کوئی ذمّہ داری قبول کریں گے۔
- فوائد کی ایک انفرادی وضاحت آپ کو ہمارے سیلز کے نمائندے کی طرف سے پیش کی جائیگی، براہ مہربانی مختلف شرائط وضوابط کو تفصیلی طور پر سمجھنے کیلئے شذرات ملاحظہ کیجئے۔
- متعلقہ اداروں کے مقرر کردہ ٹیکس کے قوانین کے تحت ٹیکسوں کا اطلاق ہوگا۔
- معاہدہ کن خطوط پر کام کرتا ہے اس کی وضاحت پالیسی کے شرائط وضوابط میں کی گئی ہے۔ یہ کتابچہ منصوبے کے خدوخال اور فوائد کا ایک عام جائزہ پیش کرتا ہے۔

**EFU LIFE ASSURANCE LTD.**
EFU Life House: Plot No. 112, 8th East Street,
Phase I, DHA, Karachi, Pakistan.
Tel: (021) 111-EFU-111 (111-338-111)
Fax: (021) 34537519
Website: www.efulife.com

Allied Bank آپ کے دل میں ہمارا اکاؤنٹ



## ایک سنہری موقع
## اولاد سے کئے گئے وعدے کو پورا کرنے کا

# علم اینڈ انمول رشتے پلان